## زمیندار ایکشن کمیٹی کی سابق وزیراعظم سے ملاقات، انوار الحق کاکڑ کا موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان کو فون، مسائل سے آگاہ کیا

**ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کیلئے کیسکو رقوم کی ادائیگی میں تاخیر کا شکار اور زمیندار بدترین تباہی سے دوچار ہیں، روزالدین کاکڑ**

**اسحاق ڈار کے سامنے معاملہ اٹھائیں گے کوشش ہوگی سولر کی مد میں بقایاجات کی جلد ادائیگی یقینی بنائیں، سابق وزیراعظم کی یقین دہانی**

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیراعظم اور سینیٹر انوار الحق کاکڑ سے زمیندار ایکشن کمیٹی کے وفد نے ملاقات کی وفد میں سابق رکن قومی اسمبلی حاجی روز الدین کاکڑ، حاجی مہمند ترین، حاجی عزیز سرپرہ، عبداللہ جان میرزئی، سید صدیق اللہ آغا، فضل الرحمان بلوچ شامل تھے وفد نے سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کو بلوچستان کے زمینداروں کو درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا اور بتایا کہ وفاقی وصوبائی حکومتوں کی جانب سے بلوچستان کے 27 ہزار سے زائد ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبے پر کام جاری ہے بدقسمتی سے کیسکو کی وجہ سے رقوم کی منتقلی میں تاخیر کی جارہی ہے جبکہ دوسری جانب کیسکو نے گزشتہ 15 ماہ سے بجلی بند کی ہوئی ہے جس کی وجہ سے زمیندار تباہی کی جانب جارہے ہیں اگر یہ سلسلہ جاری رہا تو بلوچستان کے زمیندار تباہ ہو جائیں گے اس موقع سابق وزیراعظم اور سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ٹیلیفونک گفتگو کی اور زمینداروں کے مسائل سے آگاہ کیا انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے زمینداروں کے مسائل سے آگاہی حاصل کی اس سلسلے میں سینیٹ فلور کے علاوہ قومی اسمبلی کے جوائنٹ اجلاس میں آواز بلند کریں گے انہوں نے کہا کہ اسحاق ڈار اس وقت ملک سے باہر ہیں ان کی واپسی پر معاملہ ان کے ساتھ اٹھائیں گے میری کوشش ہوگی کہ بلوچستان کے زمینداروں کے سولر کی مد میں بقایاجات کی جلد سے جلد ادائیگی یقینی بنانے کیلئے بھرپور کوشش کریں وفد نے زمینداروں کے مسائل سنجیدگی کے ساتھ سننے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

## مرحوم طاہر محمود خان ایک نفیس وخوش اخلاق انسان تھے، سلیم کھوسہ

**کوئٹہ شہر اور عوام کیلئے انکی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ کا سابق صوبائی وزیر سینئر سیاستدان طاہر محمود خان کی وفات پر اظہار افسوس اپنے ایک تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات نے کہا ہے کہ مرحوم طاہر محمود خان ایک نفیس اور خوش اخلاق انسان تھے مرحوم کی سیاسی خدمات اور کوئٹہ شہر کے عوام کے لئے ان کی خدمات صدیوں یاد رکھی جائیں گی ان کی وفات سے کوئٹہ شہر کے عوام اور صوبہ ایک مخلص اور نفیس سیاستدان سے محروم ہو گیا

## مرحوم طاہر محمود خان نے تعلیم کیلئے اہم اقدامات اٹھائے، سردار کھیتران

**ان کا انتقال ملک وقوم کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران نے سابق وزیر طاہر محمود کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے مرحوم کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ایک مخلص، محنتی اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار شخصیت تھے اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ مرحوم نے اپنے دور وزارت میں اہم اقدامات کئے اور عوامی فلاح وبہبود کے لئے گراں قدر خدمات انجام دیں ان کا انتقال ملک وقوم کے لیے ایک بڑا نقصان ہے انہوں نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔

## صوبائی دارالحکومت میں 3 مقامات پر سستے بازار لگائے جائیں گے

**ڈی سی کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ**

**روزہ داروں کو سستے داموں اشیائے خوردنی کی فراہمی یقینی بنائیں گے، گرانفروشوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی: سعد بن اسد**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت رمضان المبارک میں سستے بازار کا انعقاد اور بازار میں اشیاء خوردنوش کی قیمتوں کے تعین کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام سب ڈویژنز کے اسسٹنٹ کمشنرز، محکمہ انڈسٹری، ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی، محکمہ لیبر و دیگر محکموں کے نمائندوں، انجمن تاجران رحیم آغا گروپ، انجمن تاجران رحیم کاکڑ گروپ، انجمن ملک شاپ ایسوسی ایشن، ڈیری فارم ایسوسی ایشن، کنزیومر سوسائٹی کے ممبران اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئٹہ میں 3 جگہوں پر سستے بازار لگائیں جائیں گے مین سستا بازار جوائنٹ روڈ پر لگے گا جس میں تمام اشیاء خوردونوش بلخصوص، دودھ دہی، گوشت، چکن، دالیں، گھی، چاول اور سبزیاں سستے داموں فروخت کی جائیں گی اسکے علاوہ ایک سستا بازار نواں کلی اور دوسرا میزان چوک پر لگایا جائیگا جہاں رمضان المبارک میں روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ ریٹ سے کم قیمت پر سستا آٹا اور چینی کو فروخت کیا جائیگا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ملک شاپس مالکان کوئٹہ کی مختلف دکانوں اور شاہراؤں پر روانہ کی بنیاد پر سستا دودھ کے اسٹال لگائیں گے جس میں سرکاری نرخ نامے سے بھی کم قیمتوں پر دودھ اور دہی فروخت کیا جائیگا۔ ڈپٹی کمشنر نے گوشت ایسوسی ایشن کو سخت وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا کہ جن قصاب خانوں پر مہنگا گوشت فروخت ہوگا وہاں کے قصابوں کو ایک ماہ کیلئے پابند سلاسل کیا جائے گا اور دکانوں کو سیل کر دیا جائیگا۔ اجلاس میں بڑا گوشت، مٹن، چینی، آٹا اور دودھ کی قیمتوں کا تعین کیا گیا جس کے تحت سستا بازار میں بڑا گوشت 1050 روپے، مٹن 1900 روپے فی کلو، چینی 130 روپے فی کلو، دودھ 170 روپے فی کلو اور 20 کلو کے آٹا کا تھیلا 1460 روپے میں فروخت کیا جائیگا اسکے علاوہ محکمہ زراعت سستا بازار میں سبزی کے اسٹال لگائیں گے جہاں پر تازہ سبزیاں کم قیمت پر دستیاب ہوں گی اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام جنرل اسٹوروں پر روزانہ کے بنیاد پر کڑی نظر رکھی جائیگی رمضان المبارک میں تمام تر اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں کمی کی جائیگی۔ کوئٹہ کے مختلف ڈیپارٹمنٹل اسٹورز سستے بازار منعقد کریں گے آخر میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے آفیسران سستے بازاروں، اسٹالوں اور پرائس کنٹرول کی نگرانی کریں گی رمضان المبارک میں ناجائز منافع خوری کسی طور قابل قبول نہیں ہوگی جو بھی دکاندار ناجائز منافع خوری کرے گا اسکے خلاف سخت سے سخت کاروائی عمل میں لائی جائیگی اور کسی صورت معاف نہیں کیا جائیگا رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں ضلعی انتظامیہ ہر ممکن اقدامات کرے گی جس سے عام آدمی کو ریلیف میسر ہو سکے۔

MASHRIQ QUETTA

## پولیس کا کام عوام کی خدمت اور جان و مال کا تحفظ ہے انہیں پریشان کرنا نہیں، ڈی آئی جی کوئٹہ

**افسران پولیس اسٹیشنوں میں آنے والے شہریوں کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئیں اور انہیں انصاف کی فوری فراہمی یقینی بنائیں**

**شہداء کے بچوں کی تعلیم، مالی امداد، ملازمتوں اور دیگر مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، پولیس دربار سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز گورایا نے پولیس دربار سے خطاب کرتے ہوئے پولیس فورس کو عوام دوست پالیسی اپنانے اور شہریوں کو بلاوجہ تنگ کرنے سے گریز کرنے کی ہدایت کیا انہوں نے کہا کہ پولیس کا کام عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہے، نہ کہ انہیں پریشان کرنا۔ دربار میں پولیس افسران، جوانوں اور شہداء کے لواحقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈی آئی جی کوئٹہ نے ........

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

دربار میں موجود پولیس شہداء کے لواحقین کے مسائل تفصیل سے سنے اور فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے شہداء نے ملک اور عوام کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، اور ان کے خاندانوں کا خیال رکھنا ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ شہداء کے بچوں کی تعلیم، مالی امداد، ملازمتوں اور دیگر مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ ڈی آئی جی اعتزاز گورایا نے پولیس افسران اور جوانوں پر زور دیا کہ وہ عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور ان کے مسائل کو قانونی دائرے میں رہتے ہوئے فوری حل کریں۔

Century Express Quetta

## پارکنگ پلازوں کی نیلامی میں قانونی تقاضے پورے کیے، حمزہ شفقات

**الزامات مسترد کرتے ہیں، کسی کی بلیک میلنگ میں نہیں آئینگے، کمشنر کوئٹہ**

**اشتہاری نوٹس پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے ذریعے جاری کیا، پریس کانفرنس**

کوئٹہ (آئی این پی) کمشنر و ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ حمزہ شفقات نے انجمن تاجران کے صدر رحیم کاکڑ کی پریس کانفرنس میں لگائے گئے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے ان کے دعوے کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ نیلامی تمام قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے کی گئی تھی۔ حمزہ شفقات نے کہا کہ اشتہاری نوٹس بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے ذریعے جاری کیا گیا تھا اور تمام قانونی مراحل سے گزر کر اس منصوبے کو عملی شکل دی گئی انہوں نے کہا کہ رحیم کاکڑ انتظامیہ پر ناجائز دباؤ ڈال رہے ہیں، کمشنر کوئٹہ کے مطابق پارکنگ پلازوں کی نیلامی دس سے زائد مرتبہ کی گئی لیکن اس میں کسی نے دلچسپی ظاہر نہیں کی اس کے بعد بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے ذریعے ایک نوٹس جاری کیا گیا اور تمام متعلقہ اداروں بشمول فنانشل یونٹ، وزیر منصوبہ بندی، وزیر خزانہ کی کمیٹی اور پی پی پی اے بورڈ نے اس کا تفصیلی جائزہ لیا جس کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان کو حتمی منظوری کے لیے بھیجا گیا۔ حمزہ شفقات نے مزید وضاحت کی کہ پہلے یہ پلازے چند ملین روپے سالانہ آمدنی دے رہے تھے جبکہ اب انہیں جوائنٹ وینچر کے تحت 30 ملین روپے سالانہ کے عوض دیا گیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت 700 ملین روپے کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 24 FEB 2025 Page No. 14


## بلوچ لاپتہ افراد کیلئے ایوان بالا میں آواز بلند کرنے کیلئے تیار ہوں، نوابزادہ جمال رئیسانی

والد اور بھائی کیلئے اکیلے میں روتا ہوں لیکن انہوں نے ایک مقصد کیلئے قربانی دی جسے زندہ رکھنا ہی ہماری کامیابی ہے، رکن قومی اسمبلی

ہم بم و بندوق سے تنگ ہمیں تعلیم چاہئے، اپنے لوگوں کی خدمت میں مصروف ہیں، والدہ مجھ سے زیادہ محب وطن پاکستانی ہیں، رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ہم بم بندوق سے تنگ آچکے ہیں ہمیں تعلیم چاہئے پارلیمنٹ میں بلوچستان کے عوام کے لئے آواز بلند کررہے ہیں شہید میر سراج رئیسانی کے نقش قدم پر چل کر اپنے لوگوں کی خدمت کررہے ہیں بلوچ لاپتہ افراد اور شہداء کے مسائل کیلئے ایوان بالا میں آواز اٹھانے کیلئے بالکل تیار ہوں ان خیالات ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی والد بھائی یاد تو ضرور آتے ہیں اکیلے آج میں روتا ہوں مگر دشمن اور لوگوں کو نہیں دکھایا کہ میں کمزور ہوں انہوں نے ایک مقصد کیلئے قربانی دی اس مقصد کو زندہ رکھنا ہماری کامیابی ہے آج شہید میر سراج رئیسانی کے نقش قدم پر چل کر اپنے لوگوں کی خدمت کررہے ہیں پارلیمنٹ میں بلوچستان کے عوام کیلئے آواز بلند کررہے ہیں شہداء کیلئے اپنی جیب سے اخراجات برداشت کررہا ہوں

## بلوچستان کو محض کالونی کی طرح چلایا جارہا ہے 27 فروری کو ظلم کیخلاف اٹھیں گے، نیشنل پارٹی

حکومتی رٹ نہ ہونے کے برابر صوبے میں ہر چیز آؤٹ آف کنٹرول، عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، رحمت صالح بلوچ

عوام مایوسی کا شکار، سیاسی کارکنوں کو بزور قوت دیوار سے لگایا جارہا ہے، رکن اسمبلی کا پنجگور میں آل پارٹیز اجلاس سے خطاب

پنجگور (آن لائن) نیشنل پارٹی کے رہنماء، پارلیمانی ڈپٹی چیئرمین اور رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ اس وقت پنجگور بشمول بلوچستان کے کسی بھی علاقے میں حکومتی رٹ نہیں، بلوچستان میں یہاں زندگیاں خودرو کی طرح چل رہی ہیں ہر چیز آؤٹ آف کنٹرول ہے عام عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے سب سے بڑی وجہ بلوچستان کو ایک کالونی کی طرح ٹریٹ کیا جارہا ہے......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

اور سیاسی کارکنوں کو بزور قوت دیوار سے لگایا جارہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجگور آل پارٹیز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی رائے کا احترام نہ کرنا سیاسی ورکروں کو اس جمہوری عمل سے دور رکھنا جن قوتوں نے یہاں کے سیاسی جمہوری لوگوں کو دور کرکے 47 کی حد تک پہنچانے کے عمل کو شروع کیا جس سے عوام مایوس ہوچکے ہیں ایک بے یقینی کی کیفیت پیدا کی گئی ہے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ناکام پالیسی ہے ایک قوم دشمن پالیسی ہے جس کے یہ نتائج ہیں کہ عوام پریشان ہیں انہوں نے کہا ہے کہ ان تمام کی ذمہ داری ضلعی انتظامیہ کی ہے لیکن بلوچستان کے ہر ضلع کے سربراہاں کو ایک ٹھیکیداری نظام کے ذریعے ڈسٹرکٹ پر مسلط کیا جاتا ہے آج انکے نتائج قتل و خون کی رنگ میں سب بھگت رہے ہیں انہوں نے کہا کہ 27 فروری اپنے آپ پر ظلم کے خلاف اٹھیں گے اور اپنی نفرت کا اظہار کریں گے۔

## حقوق حالات خراب کرکے نہیں جمہوری طریقے سے مانگ رہے ہیں، ہدایت الرحمن بلوچ

بدقسمتی سے صوبے کو جمہوری طریقے سے، پہاڑوں کی طرف جاکر نہ ہی جمہوری احتجاج کے ذریعے حقوق مل دیئے جارہے ہیں، امیر جماعت اسلامی

بارڈرز بندش کی بجائے اسلحہ، گولہ بارود اور منشیات کی اسمگلنگ پر پابندی اور چیک پوسٹوں پر لوٹ مار بھتہ خوری ختم ہوجانی چاہئے

لاپتہ افراد کی بازیابی سب سے بڑا مسئلہ لوگ یہاں جگر گوشوں کیلئے پریشان، حکمران ذمہ داریوں سے غافل ہیں، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکمرانوں کو اہل بلوچستان کے حقوق دینے ہوں گے لاپتہ افراد کو بازیاب اور سی پی، ریکوڈک، سینڈک سمیت دیگر وسائل و پراجیکٹس میں حقوق دینے ہوں گے بلوچستان میں بدعنوانی و بے روزگاری عروج پر ہے بے روزگاری، غربت و بارڈرز بندش کی وجہ سے معاشی مسائل میں اضافہ ہوا ہے وفاق اور اختیار والے ......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

ہماری پریشانیوں و مشکلات کا تماشا کررہے ہیں جماعت اسلامی نے حق دو بلوچستان مہم شروع کیا ان شا اللہ اس مہم کی کامیابی کی بدولت بلوچستان کے عوام کو حقوق ملنے کی راہ ہموار ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں تقریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ ہم وفاق مقتدر قوتوں سے خیرات نہیں حقوق مانگ رہے ہیں اور حقوق بھی حالات خراب کرکے نفرت پھیلاکر ڈنڈے کے زور پر نہیں پرامن جمہوری طریقے سے مانگ رہے ہیں بدقسمتی سے بلوچستان میں جمہوری طریقے سے نہ ہی پہاڑوں کی طرف جاکر احتجاج کرکے حقوق دیئے جارہے ہیں بلوچستان کے عوام ماؤں بہنوں والدین کے جگر گوشے، جوان لاپتہ ہیں اس پریشانی میں مقتدر قوتیں، سیکورٹی ادارے، حکمران لاپتہ افراد کو بازیاب کرنے کے بجائے غفلت و کوتاہی کا مظاہرہ کرکے تماشائی بنے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے لاپتہ افراد کی تعداد میں اضافہ اور لاشیں مل رہی ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 24 FEB 2025 Page No. 16

## کوئٹہ، بجلی کی لوڈ شیڈنگ و آنکھ مچولی کا سلسلہ جاری

### ایوب اسٹیڈیم میں میچ کے دوران اسکرین بند، انتظامیہ کی بے حسی سے تماشائی پریشان

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ حالیہ میچ کے دوران ایوب اسٹیڈیم میں لگائی گئی اسکرین بھی لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے بند ہوگئی، جس سے تماشائیوں کو مزید پریشانی کا سامنا ہوا۔ انتظامیہ کی جانب سے متبادل انتظامات نہ کیے جانے پر شہریوں نے شدید احتجاج کیا اور مطالبہ کیا کہ میچ کے دوران بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ وہ میچ دیکھنے میں کسی قسم کی مشکل کا شکار نہ ہوں۔

MASHRIQ QUETTA

## وندر، اتائی ڈاکٹروں کی بھرمار، غریب عوام کی زندگیاں داؤ پر

### غیر مستند ڈاکٹروں کا نیا طریقہ واردات، ایمرجنسی سروس کی آڑ میں غیر معیاری ادویات کی فروخت اور لوٹ مار کا سلسلہ جاری

### علاج کے نام پر کاروبار، غیر مستند ڈاکٹروں کے ہاتھوں مزید بیماریاں پھیلنے لگیں، شہریوں کا احتجاج، جعلی ڈاکٹروں کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

وندر (یو این اے) وندر میں 24 گھنٹے ایمرجنسی سروس کے نام پر غیر تربیت یافتہ اور ناتجربہ کار اتائی ڈاکٹروں نے غریب و سادہ لوح شہریوں کو لوٹنے کا نیا طریقہ اپنالیا ہے۔ بغیر کسی لائسنس کے گلی محلوں میں کلینک قائم کرکے علاج کے نام پر کاروبار کیا جا رہا ہے، جبکہ مہنگی اور غیر معیاری ادویات کی سرعام فروخت بھی جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ صحت اور ڈرگ کنٹرول اتھارٹی کی غفلت کے باعث وندر میں اتائی ڈاکٹروں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ان افراد نے دکانیں کرائے پر لے کر انسانی جانوں پر پریکٹس شروع کر رکھی ہے، جو غریب عوام کے لیے شدید خطرے کا باعث بن چکا ہے۔ خاص طور پر وہ افراد جو بڑے ہسپتالوں میں علاج کرانے کی استطاعت نہیں رکھتے، وہ ان غیر مستند ڈاکٹروں کے جال میں پھنس کر اپنی زندگیاں داؤ پر لگا رہے ہیں۔ اتائی ڈاکٹر نہ صرف غلط علاج کر رہے ہیں بلکہ غیر معیاری اور مہنگی دوائیں بھی فروخت کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے عوام مزید مشکلات کا شکار ہو رہے ہیں۔ وندر کے مختلف علاقوں میں خاص طور پر گلی محلوں میں کلینک کے نام پر قائم ان دکانوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ اتائی ڈاکٹر صبح سے شام تک علاج کے نام پر کاروبار کرتے ہیں اور شام ہوتے ہی دکانوں کو بند کر کے غائب ہو جاتے ہیں، جبکہ ان کے غیر مستند علاج سے کئی مریض مزید بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ شہریوں نے محکمہ صحت، ڈرگ کنٹرول اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ سے فوری کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر قانونی کلینکس کو بند کر کے غریب عوام کو ان جعلی ڈاکٹروں کے جال سے بچایا جائے۔

## پنجگور بدامنی، معاشی تباہی پر عوامی احتجاج

### بارڈر بندش سے روزگار ختم، عوام فاقہ کشی پر مجبور ہوگئے ہیں

### آل پارٹیز کا اجلاس، پنجگور کے سنگین مسائل پر شدید مذمت

پنجگور (آن لائن) پنجگور بدامنی بارڈر کے کاروبار کی تباہی بجلی کے لوڈشیڈنگ و دیگر جملہ مسائل کے حوالے سے آل پارٹیز کا ایک اجلاس جامع مسجد چتکان میں منعقد کیا گیا جس کی صدارت آل پارٹیز کے چیئرمن ایڈوکیٹ علاؤ الدین بلوچ نے کی پروگرام کے مہمان خاص نیشنل پارٹی کے رہنما صوبائی اسمبلی کے پارلیمانی ڈپٹی چیئرمین میر رحمت صالح تھے اجلاس میں نیشنل پارٹی کے، جماعت اسلامی جمعیت علمائے اسلام ف، حق دو تحریک، مسلم لیگ ن، بارڈر بچاؤ تحریک انجمن تاجران و دیگر رکن شامل تھے اس دوران آل پارٹیز کے چیئرمن ایڈوکیٹ علاؤ الدین بلوچ مہمان خصوصی رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ جماعت اسلامی پنجگور کے ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ بارڈر بچاؤ تحریک کے رہنما مسعود احمد انجمن تاجران کے صدر فرید نواز نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران بارڈر کے قریبی مقامی لوگوں کی روزگار دن بدن خرابی کی طرح جاری ہے جیرک بارڈر کو گزشتہ ایک ہفتے سے بند کرکے لوگوں کو فاقہ کشی پر مجبور کردیا ہے بارڈر پر ویری فکیشن کے بجائے ویری کرپشن ہورہی گزشتہ دو ماہ کے ویری فکیشن سے کیا فائدہ ملا ہے سوائے شریف شہریوں کی تزلیل کے کچھ حاصل نہیں ہوا انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے 37 فروری کو احتجاج کا اعلان کرتے ہیں

## بھاگ، گیس بحران برقرار، شہری پریشان، حکام خاموش

### ناشتہ، دوپہر اور رات کا کھانا بنانا وبال جان، بھاری بلوں کا سلسلہ جاری

### علاقہ مکینوں کا حکام سے فوری نوٹس لینے اور بحران ختم کرنے کا مطالبہ

بھاگ (آن لائن) بھاگ شہر میں گیس کا خود ساختہ بحران نہ ختم سکا شہر کے اکثر محلوں میں گیس مکمل غائب ہے جن محلوں میں گیس دستیاب ہے وہاں پریشر غائب ایک ایک روٹی پکانے میں دس دس منٹ لگ جاتے ہیں گیس کمپنی حکام بھاگ کے شہریوں کو گیس فراہم نہ کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے سردی ہو یا گرمی بھاگ شہر میں گیس پریشر مسلسل غائب رہنا معمول بن چکا ہے رہی سہی کسر بھاری بھرکم بلوں نے پوری کردی ہزاروں روپے کے بھاری بھرکم بلوں نے صارفین کے گھریلو امور درہم برہم کردیا بار شکایات کھلی کچہریاں سب سود عوام کی داد و فریاد سننے والا کوئی نہیں عوامی حلقوں کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق بھاگ شہر کے اکثر علاقوں میں گیس کا بحران بدستور ہے گیس صارفین کو صبح کا ناشتہ اور دوپہر رات کا کھانا تیار کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے بعض علاقوں میں گیس پریشر انتہائی کم ہے ایک ایک روٹی کی تیاری میں 10 سے 15 منٹ لگ جاتے ہیں اس طرح خواتین کو امور خانہ داری کی انجام دہی میں گھنٹوں لگ جاتے ہیں شہریوں نے گیس کمپنی کے ذمہ داروں کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ گیس حکام کی نا اہلی غفلت کے باعث گیس صارفین بہت پریشان ہیں ایک طرف گیس نہ ہونے کے برابر ہے تو دوسری طرف بھاری بھرکم بلوں نے صارفین کے ہوش اڑا دیئے انہوں نے جی ایم سوئی سدرن گیس کمپنی بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کمپنی کے متعلقہ ذمہ داروں کو طلب کر کے گیس بحران کا خاتمہ کیا جائے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 24 FEB 2025 Page No. 17

# بی ایم سی میں اربوں روپے کی بے ضابطگی کا انکشاف، حکومت کا کرپٹ عناصر کیخلاف ایکشن ٹیسٹ کیس!

بلوچستان ملک کا واحد صوبہ ہے جو سب سے زیادہ مسائل کا شکار ہے، یہاں عوام کو بنیادی سہولیات تک میسر نہیں، تعلیم اور صحت کے شعبوں کے لیے خطیر رقم مختص ہونے کے باوجود لوگ ان سے مستفید نہیں ہو پاتے کیوں کہ یہ ساری رقم کرپشن کی نذر ہو جاتی ہے۔ بدقسمتی سے محروم اور پسماندہ صوبے میں اداروں کی کارکردگی پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی جس کی وجہ سے ہر چند سال بعد کرپشن کے بڑے اسکینڈل سامنے آتے ہیں اور یہ وہ رقم ہے جو بلوچستان کے عوام کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے مختص کی جاتی ہے تاکہ ان کی مشکلات میں کمی آسکے۔ افسوس کہ صحت جیسے شعبے میں بڑے پیمانے پر کرپشن کی جاتی ہے جو شرمناک عمل ہے۔ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ کرپشن میں محکمہ کے اندر موجود کالی بھیڑیں ملوث ہیں۔ کوئٹہ کے بولان میڈیکل کمپلکس اسپتال میں گزشتہ پانچ مالی سالوں کے دوران اربوں روپے کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف سامنے آیا ہے، بے ضابطگیاں ادویات کی خریداری، ٹھیکوں، ٹیکسز سمیت دیگر مد میں کی گئیں۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی جانب سے بولان میڈیکل کمپلکس ہسپتال کوئٹہ کا مالی سال 2017-18 سے لیکر 2021-22 تک کا خصوصی آڈٹ کیا گیا ہے جس کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ہسپتال میں پانچ مالی سالوں کے دوران 4 ارب 45 کروڑ 77 لاکھ 24 ہزار روپے کی مالی بے ضابطگیاں ہوئی ہیں۔ ہسپتال کی جانب سے 38 کروڑ 22 لاکھ 6 ہزار روپے کے اخراجات کا ریکارڈ پیش نہیں کیا گیا، یوزر چارجز کی مد میں 5 کروڑ روپے سے زائد رقم سرکاری خزانے میں کم جمع کروائی گئی، 1 کروڑ 62 لاکھ روپے سے زائد کے ہسپتال میں واقع مختلف مقامات کے کرائے جمع نہیں کروائے گئے۔ رپورٹ کے مطابق ایکسرے کی مد میں وصول ہونے والی رقم میں سے سرکاری خزانے میں 88 لاکھ 94 ہزار روپے زائد رقم کم جمع کروائی گئی جبکہ 55 لاکھ روپے کے بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز کی بھی کٹوتی نہیں کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پوسٹ گریجویٹس کو ادا کئے گئے اعزازیے اور اسکالرشپ کی مد میں 1 ارب 16 کروڑ 91 لاکھ 8 ہزار روپے سے زائد کی بے قائدگیاں سامنے آئی ہیں۔ پانچ سالوں کے دوران ہسپتال میں میڈیکل گیسز کی خریداری کی مد میں 2 کروڑ 38 لاکھ روپے زائد کے غیر ضروری اخراجات کئے گئے۔ بی ایم سی میں فنڈز کی ریلیز کے بغیر 38 کروڑ 84 لاکھ 84 ہزار روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیاں پائی گئیں ہیں ساتھ ہی کتے کے کاٹے سے بچاؤ کی ویکسین کی 3 کروڑ 51 لاکھ روپے سے زائد کی مہنگے داموں خریداری بھی کی گئی۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق مقامی سطح پر ادویات کی خریداری میں 95 لاکھ 35 ہزار روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیاں پائی گئیں ہیں جبکہ مختلف کمپنیوں کی جانب سے 5 کروڑ 38 لاکھ 66 ہزار روپے کی ادویات ہسپتال کو فراہم ہی نہیں کی گئیں۔ 2 سالوں میں ہسپتال میں بغیر مجاذ اتھارٹی کی اجازت اور ٹینڈر کئے گئے 7 کروڑ 95 لاکھ 89 ہزار روپے کی ادویات خریدی گئیں جبکہ ادویات کی فراہمی میں 28 کروڑ 31 لاکھ 71 ہزار روپے کی مزید بے ضابطگیاں بھی پائی گئیں ہیں۔ یہ رپورٹ واضح کرتی ہے کہ محکموں کے اندر بڑے پیمانے پر مالی بے قاعدگیاں کی جارہی ہیں یہ رپورٹ موجودہ حکومت کیلئے ایک اور ٹیسٹ کیس ہے کہ وہ کس طرح سے مالی بے قاعدگیمیں ملوث حکومتی خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر کارروائی کرے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہر اعلیٰ سطحی اجلاس میں اس بات کو دہراتے ہیں کہ صوبے میں کرپشن اور مالی بے قاعدگی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، محکموں کے سیکرٹریز مکمل جوابدہ تو ہیں لیکن جن وزراء کے ماتحت یہ ادارے چل رہے ہیں ان سے بھی پوچھ گچھ ہونی چاہئے، یہ سابقہ ریکارڈ ہے جن کے خلاف ایکشن لینا موجودہ حکومت کی ذمہ داری ہے اس کی شفاف تحقیقات کرکے ملوث عناصر کو بے نقاب کیا جائے، ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، خواہ کوئی کتنا بھی بااثر کیوں نہ ہو ان پر ہاتھ ڈالا جائے تاکہ صوبے میں کرپشن کے رجحان کا خاتمہ ممکن ہو گرنہ محکموں کے اندر یہ ہیر پھیر چلتی رہے گی اور عوام کی سہولت کیلئے بنائے گئے ادارے کرپشن کی وجہ سے تباہ ہوتے جائینگے۔ امید ہے کہ حکومت اس معاملے کو سنجیدگی سے لے گی اور کرپٹ عناصر کو بے نقاب کرتے ہوئے ان کا خاتمہ کرے گی تاکہ ادارے بہتر انداز سے کام کرتے ہوئے عوام کو سہولیات فراہم کرسکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: روزنامہ انتخاب

Bullet No. 7

Dated: 23 FEB 2025 Page No. 18

# بلوچستان کا تعلیمی بحران

عیسیٰ طاہر

اگر ہم ہر ترقی یافتہ قوم کی تاریخ کا جائزہ لیں تو ایک بنیادی عنصر سب سے زیادہ نمایاں نظر آئے گا: تعلیم کو ترقی کی بنیاد بنانا۔ معاشی خوشحالی سے لے کر تکنیکی ترقی تک، ہر وہ قوم جس نے مسلسل ترقی حاصل کی ہے، اس نے تعلیم کو اولین ترجیح دی ہے، تعلیمی مواقع کی مساوی فراہمی کو یقینی بنایا ہے اور ہر سطح پر معیاری تعلیمی اداروں میں سرمایہ کاری کی ہے۔

بدقسمتی سے، بلوچستان میں، جو قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، حقیقی ترقی کا سب سے بڑا فقدان تعلیم کے شعبے میں نظر آتا ہے۔ سینکڑوں اسکول بند پڑے ہیں، بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اور اساتذہ کی شدید کمی کا شکار ہیں۔ صورتحال اتنی خراب ہے کہ فعال اسکولوں میں بھی طلبہ پورے تعلیمی سال کے دوران بنیادی مضامین تک نہیں پڑھ پاتے۔

محض امتحانی نگرانی ایک ٹوٹے ہوئے تعلیمی نظام کو ٹھیک نہیں کر سکتی اس وقت بلوچستان بھر میں میٹرک کے امتحانات جاری ہیں، اور وزیر اعلیٰ نے امتحانی مراکز میں نقل کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت دی ہے۔ امتحانات کی شفافیت یقینی بنانا یقیناً ضروری ہے، لیکن اس سے طلبہ کو درپیش بنیادی مسائل حل نہیں ہوتے۔ جب طلبہ کو معیاری تعلیمی وسائل، تربیت یافتہ اساتذہ اور فعال کلاس رومز ہی میسر نہ ہوں تو ہم ان سے ایمانداری کی توقع کیسے کر سکتے ہیں؟

مثال کے طور پر، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول نوکنڈی کی حالت دیکھیے، جہاں کل داخلہ تقریباً 550 طلبہ پر مشتمل ہے۔ یہ اسکول، دیگر کئی اسکولوں کی طرح، شدید مسائل سے دوچار ہے:

محض پانچ اساتذہ، جن میں پرنسپل بھی شامل ہیں، سیکڑوں طلبہ کو پڑھانے پر مجبور ہیں۔

پورے ہائی اسکول کے لیے صرف چھ کمروں پر مشتمل عمارت موجود ہے، جن میں فرنیچر تو دور، بیٹھنے کے لیے چٹائیاں تک نہیں ہیں۔

یہ اسکول سرکاری طور پر لڑکوں کے لیے مختص ہے، لیکن لڑکیوں کو بھی داخلہ دیا جاتا ہے کیونکہ خواتین کے لیے قرب و جوار میں کوئی علیحدہ تعلیمی سہولت دستیاب نہیں۔

یہی صورتحال نوکنڈی سمیت بلوچستان کے دیگر سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری اسکولوں میں بھی دیکھنے کو ملتی ہے، جہاں سائنس کے اساتذہ تقریباً ناپید ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ بیشتر اسکولوں میں پورے سال کے دوران کئی مضامین بالکل نہیں پڑھائے جاتے، جس کے نتیجے میں طلبہ امتحانات کے لیے مکمل طور پر تیاری نہیں کر پاتے۔

حکومتی اہلکار حقیقی مسائل کی بجائے عارضی حل پر توجہ دے رہے ہیں ان سنگین کمزوریوں کے باوجود، مختلف اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے طلبہ کے خلاف سخت رویہ اپنایا ہوا ہے۔ امتحانات میں نقل کرنے والے طلبہ کے خلاف پیپر منسوخ کرنے، قانونی کارروائی کرنے اور حتیٰ کہ قید کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ ان اعلانات میں اصل مسئلے کو نظر انداز کیا جا رہا ہے، یعنی کہ حکومتوں کی مسلسل تعلیمی غفلت۔

اسی دوران، اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ بیوروکریٹس اور سیکریٹریز امتحانی مراکز کے دورے کر کے سخت نگرانی کا تاثر دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے اقدامات سرخیوں اور سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کر سکتے ہیں، مگر اساتذہ کی کمی، ناقص تعلیمی سہولیات اور پرانے نصاب جیسے مسائل حل نہیں کر سکتے۔ دنیا کے بہترین تعلیمی نظاموں میں، اعلیٰ سرکاری حکام امتحانی مراکز کی نگرانی کی بجائے ایسی پالیسیاں بناتے ہیں جو تعلیمی معیار کو بہتر بناتی ہیں۔

بلوچستان کے تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لیے امتحانی دن کی پابندیوں کی بجائے طویل المدتی اصلاحات کی ضرورت ہیاگر حکومت واقعی بلوچستان میں تعلیمی نظام کو بہتر بنانا چاہتی ہے، تو وقتی حل کی بجائے مستقل بنیادوں پر اصلاحات کرنی ہوں گی۔ درج ذیل اقدامات فوری طور پر کیے جانے چاہئیں:

اساتذہ کی خالی آسامیوں کو پُر کرنا اور بھرتی کے نظام میں بہتری لانا۔

سائنس اور ریاضی کے مضامین کے ماہر اساتذہ کی ہنگامی بنیادوں پر بھرتی کی جائے۔

کنٹریکٹ پر بھرتیوں کا آغاز کیا جائے، جن کی کارکردگی پر سخت نگرانی رکھی جائے۔

اسکولوں کے بنیادی ڈھانچے میں بہتری لانا۔

ہر اسکول میں کم از کم مناسب کلاس رومز، بیٹھنے کی سہولیات اور بنیادی حفظانِ صحت کی سہولتیں فراہم کی جائیں۔

لیبارٹری کے آلات، لائبریریاں اور سائنسی تدریسی مواد فراہم کیا جائے۔

تعلیم کے لیے دستیاب وسائل کا مؤثر استعمال اور اضافی فنڈز کا حصول۔

اگر محکمہ تعلیم کو مالی وسائل کی کمی کا سامنا ہے، تو بین الاقوامی عطیہ دہندگان، اقوامِ متحدہ کے ادارے، اور ترقیاتی بینک جیسے ورلڈ بینک اور ایشیائی ترقیاتی بینک سے امداد حاصل کی جائے۔

بلوچستان کے معدنیاتی علاقوں میں کام کرنے والی کان کنی کمپنیوں کو پابند کیا جائے کہ وہ کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) کے فنڈز تعلیم پر خرچ کریں، خصوصاً چاغی اور نوکنڈی میں، جہاں یہ کمپنیاں اربوں روپے کا منافع کما رہی ہیں۔

امتحانی بورڈز کو شفاف اور غیر سیاسی بنانا۔

امتحانی بورڈز کو خودمختار، پیشہ ورانہ انداز میں چلایا جائے اور انہیں سیاسی مداخلت، اقربا پروری اور جانبداری سے پاک رکھا جائے۔

سخت احتسابی نظام متعارف کروایا جائے تاکہ طلبہ کی جانچ ان کی قابلیت کی بنیاد پر کی جا سکے، نہ کہ کسی سفارش یا اثر و رسوخ کی بنا پر۔

تعلیمی اصلاحات مزید تاخیر برداشت نہیں کر سکتیں، ماضی کی حکومتوں کی ناکامیوں نے بلوچستان کے نوجوانوں سے پہلے ہی کئی دہائیاں چھین لی ہیں۔ اگر فوری اصلاحات نہ کی گئیں تو بلوچستان ملک کے دیگر حصوں سے مزید پیچھے رہ جائے گا اور اس کے موجودہ سماجی و معاشی مسائل مزید گہرے ہو جائیں گے۔

حل وقتی امتحانی پابندیوں میں نہیں بلکہ ایک طویل المدتی، مربوط، اور مالی طور پر مستحکم حکمتِ عملی میں مضمر ہے، تاکہ ہر بچے کو معیاری تعلیم، تربیت یافتہ اساتذہ اور کامیابی کے لیے ضروری وسائل مہیا کیے جا سکیں۔

حکومت کا اصل امتحان یہ نہیں کہ وہ طلبہ کو نقل سے کیسے روکتی ہے، بلکہ یہ ہے کہ آیا وہ اتنی بصیرت، عزم اور دیانت داری رکھتی ہے کہ وہ اس تباہ حال تعلیمی نظام کو ہمیشہ کے لیے درست کر سکے؟؟


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 24 FEB 2025 Page No.______



قلعہ سیف اللہ: وزیر صحت بخت محمد کاکڑ دورہ ڈی ایچ کیو کے موقع پر گفتگو کر رہے ہیں

Century Express Quetta



صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو ایڈووکیٹ، صلاح الدین مینگل کی وفات
پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں، سردار کمال خان بنگلزئی بھی موجود ہیں